# Children Health & Education Foundation®

www.chaef.org

آپ کو نئے سال کی آمد پر صحت، تندرستی اور خوشیوں کے ساتھ مبارک باد دیتے ہیں۔

Sponsored by













محترمہ رقیہ خانم ممتاز ترین پرائمری ہیلتھ کیئر سینٹر واقع کچی آبادی گرومنگٹ ملحقہ گلبرگ لاہور کی رہائشی ہیں تقریباً دو سال قبل جب وہ تین ماہ سے حاملہ تھی ہماری ڈاکٹر کو بتایا کہ وہ ہائی بلڈ پریشر کی مریضہ ہے اور اب سے پہلے دو مرتبہ اسقاط حمل کی تکلیف دہ مرحلے سے گزر چکی ہیں۔ اب ان سے آخری امید لگا کر علاج کے لئے آئی ہیں۔ ہمارے گلبرگ سینٹر کی ڈاکٹر صاحبہ نے ان کا الٹرا ساؤنڈ اور تفصیلی معائنہ کرنے کی بعد انہیں بہت زیادہ احتیاط اور تجویز کردہ بلڈ پریشر اور دوسری دواوں کے باقاعدہ استعمال کا مشورہ دیا اور ان کو ہر ماہ کم از کم ایک مرتبہ معائنہ کے لئے آنے کی تاکید کی محترمہ رقیہ خانم نے بڑی پابندی کے ساتھ ڈاکٹر صاحبہ کے مشوروں پر عمل کیا اور حمل کی مدت پوری ہونے پر اللہ تعالٰی نے ان کو ایک بیٹا عطا کیا۔ جواب ماشاالله صحت مند ہے اور ڈیڑھ سال کی عمر کو پہنچ چکا ہے۔

## آپ بھی ہماری مدد کرکے ہزاروں بیمار مریضوں کی جان بچا سکتے ہیں۔







CHAEF نے پچھلے 13 سالوں میں اپنے تمام ہیلتھ کیئر سینٹر میں ابتک 600 سے زیادہ MBBS فیملی ڈاکٹرز کو دورانِ ڈیوٹی پریکٹیکل ٹریننگ دے چکے ہیں، ڈاکٹر ثمن ندیم بلوچستان کے غریب علاقوں میں اپنی خدمات انجام دے چکی ہیں اور اب بحریہ کالج میں میڈیکل کے طلبا کو پڑھا رہی ہیں۔

کراچی کے دو پرائمری ہیلتھ مدر اینڈ چائلڈ ہیلتھ کیئر سینٹر کی ماہانہ پروگریس میٹنگ چلڈرن ہیلتھ اینڈ ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے ہیڈ آفس میں ہو رہی ہے۔ جس میں ہمارے چیئرمین سید نعیم الحسن، جنرل سیکٹری ایس ایم ایوب، اکاؤنٹینٹ، ایڈمنسٹریٹر اور ڈاکٹرز شریک ہیں۔

ننھی رحیمہ عمر 9 سال گلستانِ جوہر میں ہمارے EBM ہیلتھ کیئر سینٹر میں شدید تکلیف میں آئی تو تشخیص کے بعد پتا چلا کہ اس کے دل میں سوراخ ہے، جس کے آپریشن میں تقریباً 12 لاکھ سے 15 لاکھ کا خرچہ ہے۔ چلڈرن ہیلتھ اینڈ ایجوکیشن فاؤنڈیشن آپ جیسے مخیّر حضرات سے درخواست کرتا ہے کہ ہماری مدد کریں تا کہ ننھی رحیمہ کا آپریشن کرایا جاسکے۔ شکریہ




شوکت ترین پرائمری ہیلتھ کیئر سینٹر کورنگی میں واقع ہے جس میں لاتعداد خواتین اور بچے اپنا الٹرا ساؤنڈ اور علاج معالجہ کرانے کے لئے تشریف لاتے ہیں اب تک 400176 مریض بلکل مفت علاج کرا چکے ہیں۔ ہم جناب شوکت ترین کے انتہائی شکرگزار ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اُن کو اللہ تعالٰی لمبی عمر صحت اور تندرستی کے ساتھ عطا فرمائیں۔



# CHILDREN HEALTH & EDUCATION FOUNDATION®

## EBM Primary School & Healthcare Centre

The Legend Leads...

## اپیل برائے عطیات

چلڈرن ہیلتھ اینڈ ایجوکیشن فاؤنڈیشن (CHAEF) غریب مریضوں کو اُنکے دروازے پر پرائمری علاج و معالجہ کے ساتھ ادویات فراہم کرنے والا واحد ادارہ ہے جہاں پر موذی امراض کو پہلے مرحلے میں تشخیص کر کے اُسی مرض کے ہسپتال میں ریفر کر دیا جاتا ہے تا کہ اسکا چیریٹی کے ہسپتال میں زکوٰۃ فنڈ ز سے مُفت علاج کیا جائے اور غریبوں کو اپنے گھر کے سامان کو بیچ کر کے اپنے پیاروں کی جان نہ بچانی پڑے۔ ہمارے ماہر ڈاکٹرز اور عملہ غریب اور نادار لوگوں کو علاج معالجہ کی سہولیات مہیا کرنے کیلئے برسرپیکار ہیں۔ چاف 2002 میں معرض وجود میں آیا اور اب تک 85 بنیادی مراکز صحت اور موبائل میڈیکل سینٹر قائم کر چکا ہے، جہاں مُفت تشخیص علاج و معالجہ اور ادویات فراہم کی جاتی ہے۔ آپ کے اطمینان قلب کیلئے عرض ہے کہ یہ ادارہ اب تک 1 کروڑ 35 لاکھ سے زائد لوگوں کا علاج معالجہ اور دوسری خدمات انجام دے چکے ہیں۔ آپکو یہ جان کر بھی یقیناً خوشی ہوگی کہ چاف میں یہ تمام سہولیات بلا امتیاز بالکل مُفت فراہم کی جاتی ہیں، حتّٰی کہ پرچی کے پیسے بھی نہیں لئے جاتے۔ ہمارے تمام سینٹرز تمام ضروری آلات سے مزین ہیں۔ مہارت یافتہ اور تجربہ کار ڈاکٹرز اور دیگر عملہ نہایت تندہی اور عزت واحترام سے علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کرنے میں مصروف ہیں۔ آپکے عطیات کی وجہ سے CHAEF E-Health کا ایک سسٹم اختیار کر رہا ہے۔ جس میں جدید کمپیوٹر کے ذریعے دوردراز دیہاتوں کے جنکشن پر لوگوں کا علاج کیا جائیگا، جبکہ ڈاکٹر کراچی اور لاہور کے کنٹرول روم سے جدید موبائل کمیونیکیشن (Communication) سسٹم کے ذریعے مریضوں کا معائنہ اور تشخیص کر کے ادویات مہیا کریں گے۔ تعلیم اور تربیت کے زمرے میں CHAEF ابتک پرائمری اور سیکنڈری اسکول میں 745 غریب بچوں کو تعلیم کا خزانہ بالکل مفت پہنچا رہا ہے۔ جبکہ ذہین اسٹوڈنٹ کو اعلی ایجوکیشن (Higher Education) کے لئے (اقرا وظائف) اُنکے اعلی مارکس حاصل کرنے کی بنیاد پر دیئے جاتے ہیں۔ آپ کے اطمینان کیلئے عرض ہے کہ ابتک 225 بچے اقرا وظائف سے استفادہ حاصل کر چکے ہیں، آپ جیسے مخیّر حضرات کے تعاون سے چاف نے سندھ اور بلوچستان کے متعدد دیہاتوں میں اب تک 231 واٹر ہینڈ پمپ کی تنصیب کر کے پینے اور استعمال کے لئے صاف شفاف پانی کی سہولیات بھی فراہم کی ہیں، جسکی وجہ سے ان علاقوں میں جراثیم زدہ پانی کے استعمال سے پھیلنے والے امراض جیسے ہائی بلڈ پریشر، دل، گردوں، کیسٹر و میں کمی آئی ہے اسکے علاوہ 87 گاؤں میں سولر لائٹ بھی فراہم کی گئی ہیں، گذشتہ سالوں میں سیلاب زدگان کی امداد پر بھی کروڑوں روپے خرچ کر کے مصیبت میں مبتلا لوگوں کی مدد اور سال 2015 میں تقریباً 1000 کمبلوں کی آزاد کشمیر میں تقسیم بھی کی گئی۔ اور 455 بیواؤں کو باعزت روزگار کیلئے سنگر کی سلائی مشین بھی فراہم کی۔

**مندرجہ بالا تمام خدمات صرف اور صرف آپ لوگوں کی زکوٰۃ سے ہی ممکن ہوئے ہیں جس کیلئے آپکو اجر تو اللہ تعالٰی دیگا، ہم آپکا صرف شکریہ ادا کر سکتے ہیں۔**

سید نعیم الحسن



14 اگست 2015 میں EBM پرائمری اسکول ہیلتھ سینٹر میں جشنِ آزادی بڑے جوش وخروش سے منایا گیا



چلڈرن ہیلتھ اینڈ ایجوکیشن فاؤنڈیشن نے EBM پرائمری اسکول میں آرمی پبلک اسکول پشاور کے شہیدوں کو اُن کی برسی کے موقع پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔



EBM پرائمری ہیلتھ کیئر سینٹر کے ساتھ تمام ہیلتھ کیئر سینٹر میں باقاعدہ آنکھوں کی ابتدائی ٹیسٹنگ کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ جس میں روزانہ ہزاروں کی تعداد میں مفت چیک اپ کیا جا رہا ہے۔



چاف اپنے تمام اسکولوں میں کمپیوٹر ٹریننگ لازمی طور پر بچوں کو مہیا کر رہا ہے

**KARACHI OFFICE:**
Suit # SF-2 Plot 17-C, Zamzama Commercial Lane-2,
Phase-V, D.H.A. Karachi.
**Ph:** 92-21-35824380, 35302195, Cell: 0092-301-8235709
**Fax:** 92-21-35360215
**E-mail:** childrenhealth@chaef.org, karachi@chaef.org
**Web:** www.chaef.org

**LAHORE OFFICE:**
133/A, Ittehad Colony Guru Mangat Road, Gulberg 3 Lahore.
Ph: 042-35751219
**Cell:** Bilal: 0336-9276004
**E-Mail:** lahore@chaef.org

Ep Account #
0341-3422672

**RAWALPINDI:**
123/B, Market Road, Sader, Rawalpindi, Cantt
**Cell:** 0322-4923235
**Tel:** 92-051-5120563, 5792834, 5584905 Fax: 051-5792837
**E-mail:** islamabad@chaef.org

**FAISALABAD:**
Chack # 213 RB. Susan Road. Faisalabad
**Tel:** 041-8712794
**Cell:** Tasawar Hussain 0336-2550733, 0301-8235708
**E-mail:** faisalabad@chaef.org

**Please Deposit your Zakat/Donation in our online Accounts**

1. MCB Account # 1443-0101-001039-0 Zamzama Boulevard Branch
2. HBL Account # 00120005728503 Zamzama Boulevard Branch